Nestlé Good food, Good life

Press Release

December 19, 2022

نیسلے پاکستان کا بچوں کیلئے پائیداری سے متعلق تربیتی سیشن کے انعقاد کیلئے ڈبلیو ڈبلیو ایف کے ساتھ اشتراک

نیسلے پاکستان ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے ساتھ اشتراک سے نوجوان نسل کو کچرے کے انتظام کے ذریعے پیکجنگ کے حوالے سے مزید پائیدار سوچ اور رویہ اختیار کرنے میں مدد دے گا۔ یہ کمپنی کے کچرے سے پاک مستقبل کے وژن کے مطابق ہے کہ کمپنی کا کوئی بھی پیکجنگ بشمول پلاسٹک، زمین یا سمندروں، جھیلوں یا دریاؤں میں نہ گرے۔

اس پروگرام کے ذریعے نیسلے نوجوانوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے گا کہ کچرے میں کمی کے حوالے سے ذمہ دارانہ رویہ اپنانا کیوں اہمیت رکھتا ہے۔

کے تحت سکول جانے والے بچوں کیلئے آگاہی سیشنز سیلور آکس (N4HK) نیسلے کے فلیگ شپ پروگرام نیسلے فار ہیلتھیئر کڈز سکول میں منعقد کئے گئے۔ دیگر شراکتی سکولوں میں بھی یہ سیشنز منعقد کئے جائیں گے جس کے تحت کچرے کو کم کرنے، مقامی واٹر شیڈ پر کوڑے کے اثرات، ری سائیکلنگ اور کچرے کو ٹھکانے لگانے کے ساتھ صاف ستھرائی کی کوششوں میں مقامی افراد کو مشغول کرنے جیسے موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا۔

اس شراکت داری پرگفتگو کرتے ہوئے وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ افیئرز اینڈ سسٹین ایبلیٹی، نیسلے پاکستان نے کہا”ہم نے مختلف قسم کی سرگرمیوں کو ایک ساتھ پیش کیا ہے جس میں بچوں کو ذمہ دارانہ ویسٹ مینجمنٹ کے بارے میں معلومات اور آگاہی دی جائے گی بلکہ ان کی جو کچھ انہوں نے سیکھا اسے اپنے خاندان والوں کے ساتھ شیئر کرنے کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ بچے اگلی نسل کو کچرے کے انتظام کے حوالے سے زیادہ ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے میں مدد دینے میں ایک اہم حصہ ہوں "گے اور ہمیں اس کا حصہ بننے پر فخر ہے۔

حماد نقی، سی ای او/ ڈائریکٹر جنرل ڈبلیو ڈبلیو پاکستان نے کہا”بچے پاکستان کا مستقبل ہیں اور یہ بات اہم ہے کہ ہم ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کیلئے ان کی حوصلہ افزائی کریں جس سے انہیں پائیدار اور محفوظ طریقوں کے بارے میں آگاہی ملتی ہے۔اس طرح کی سرگرمیوں سے اقدار، عادات اور مائنڈ سیٹ کو فروغ ملے گا جس سے کرہ ارض پر کچرے کے اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

نیسلے پاکستان دوبارہ استعمال کے قابل پیکجنگ کے اپنے عزم پر کاربند ہے اور 2025تک ری سائیکنگ سسٹم کیلئے ڈیزائن کردہ 95فیصد سے زائد پیکجنگ استعمال کیا جائے گا۔

پروگرام نیسلے کے اچھی صحت اور فلاح وبہبود کے حوالے سے اقوام متحدہ کی پائیدار ترقی کے اہداف (ایس ڈی جی)3کے N4HK عزم کا حصہ ہے جس کا مقصد بڑھتے ہوئے بچوں کو غذائیت کی اہمیت سے بہرمند کرنا ہے۔اس پروگرام کے تحت اب تک پاکستان میں 320000بچوں اور 1750اساتذہ تک رسائی حاصل کی گئی ہے۔

پروگرام، جسے 2010 میں پاکستان میں بچوں میں غذائی قلت کے چیلنجز کو مدنظر رکھتے ہوئے شروع کیا گیا تھا اپنے N4HK شراکت داروں کے ساتھ مل کر بچوں کو ایک خوشگوار اور صحت مند مستقبل دینے کے لیے غذائیت کے چیلنج سے نمٹنے اور اس پر قابو پانے میں مدد دینے کے لیے اجتماعی طور پر کوشاں ہے

مذید معلومات کے لیے رابطہ
محمد راحت حسین
کارپوریٹ مینیجر پبلک افیئرز اینڈ میڈیا ریلیشنز
muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com